21/06/2025
07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*.......یوگا کے 11ویں بین الاقوامی دن کے سلسلے میں دنیا بھر میں تقاریب کا انعقاد// صدر جمہوریہ اور وزیرا عظم نے ذہنی و جسمانی نشو نماءکو یقینی بنانے میں یوگ کی اہمیت کو کیا اجا گر۔

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی یوگ کو روزمرہ زندگی کا ایک لازم ملزوم حصہ بنانے کی لوگوں سے اپیل// کابینی وزراءسکینہ ایتو اور ستیش شرما نے کی بڑی یوگا تقاریب میں شرکت۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کو کیا عوام کے نام وقف// کہا حکومت گاندربل کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند۔

اور

*....... جاوید رانا نے لیامختلف شیعہ علاقوں کا دورہ کرکے محرام الحرام کے انتظامات کا جائزہ ۔

یوگاPM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج دنیا کے مختلف حصوں میں بڑھتے ہوئے تناؤ، بد امنی اور عدم استحکام کے درمیان یوگا امن کا راستہ پیش کرتا ہے۔آندھرا پردیش کے وشاکھا پٹنم میں یوگا کے گیارویں بین الاقوامی دن تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہاکہ یوگ انسان کو سانس لینے ، توازن قائم کرنے اور دو بارہ تندرست ہونے کیلئے نئی توانائی فراہم کرتا ہے۔

وزیر اعظم نے یوگ کی سائنس کو جدید تحقیق کے ذریعے تقویت بخشنے کی بھارت کی کاوشوں کو اجا گر کرتے ہوئے کہاکہ ملک کے سرکردہ طبی ادارے سرگرمی کے ساتھ یوگ کی تحقیق میں مصروف ہیں۔

اس تقریب میں2لاکھ72ہزار سے زائد لوگوں نے یوگا کیا۔

صدر یوگا

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے آج دہرا دون میں پولیس لائن میں منعقدہ یوگ کیمپ میں حصہ لیا۔ اس موقعے پر صدر جمہوریہ نے عالمی سطح پر یوگا کو فروغ دینے میں بھارت کے اہم رول کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری اب بڑے پیمانے پر یوگ کا احترام کرتی ہے ۔

ایل جی یوگا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی آج سرینگر میں یوگا کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر یوگ آسن کئے ۔اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ آج کل کی تیز رفتار زندگی میں یوگا کے بے شمار فوائد ہیں اور لگاتار یوگاکرنے سے انسان کے معیار حیات میں بھی بہتری آتی ہے ۔ منوج سنہانے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ یوگا کو اپنی روز مرہ کی زندگی کا لازمی ملزوم حصہ بنائیں او ر خوشگوار زندگی گذارنے کیلئے دیگر لوگوں کو بھی اس کی ترغیب دیں ۔

سکینہ یوگا

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی آج یوگا تقاریب کا اہتمام کیا گیا ۔اس سرینگر میں آیوش اور صحت محکموں کے اشتراک سے منعقدہ تقریب میں کافی SKICC تعلق سے

تعداد میں اسکولی بچوں اور دیگر اہم شخصیات نے حصہ لیا۔ اس موقعے پر صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو ،چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹری اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجودتھے۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے سکینہ ایتونے یوگا کی اہمیت کو ان الفاظ میں اجا گر کیا۔

جموں یوگا

جموں میں صوبائی سطح کی بڑی یوگا تقریب گلشن گراؤنڈ جموں مینمنعقد ہوئی جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے گرمجوشی کے ساتھ یوگ کیا ۔ اس تقریب پر یوتھ سروسز اور سپورٹس محکمے کے وزیر ستیش شرما بھی موجود تھے۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ یوگا اب ایک آفاقی تحریک بن گئی ہے اور اسے انسان کی صحت بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ ذہنی سکون بھی حاصل ہوتا ہے ۔

ضلع یوگ

اِدھر مختلف ضلعوں مینموجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ جموں کشمیر کے تمام ضلعوں میں آج یوگا کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر متعدد یوگا تقاریب کا انعقاد کیاگیا ۔ جن میں کافی تعداد میں اسکولی طلباءسمیت زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور یوگ آسن کئے ۔ماہرین نے اس موقعے انسانی زندگی پر پڑنے والے یوگا کے مثبت اثرات پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔

ہائیکورٹ یوگ

جموں کشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کی سرینگر شاخ میں بھی آج جوش و جذبے کے ساتھ یوگا کابین الاقوامی دن منایاگیاہائیکورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس ارون پالی نے اس تقریب کا افتتاح کیا۔ شرکاءنے اس موقعے پر یوگ آسن کئے ۔ چیف جسٹس نے شرکاءپر زور دیا کہ وہ یوگا کو اپنی معمول کی زندگی کااہم حصہ بنائیں۔تقریب پر کئی جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

جموں یوگ

ہائیکورٹ کے جموں کمپلیکس میں بھی آج یوگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس دیگر لوگوں کے علاوہ کئی جج صاحبان اور عدلیہ کے اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔

CBCیوگ

اطلاعات و نشریات کے سینٹرل بیورو آف کیمونیکیشن کی طرف سے آج گورنمنٹ بائز ہائر اسکنڈری اسکول بٹہ مالو میں یوگا دن کے سلسلے میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیاگیا۔

فیلڈ پبلیسٹی آفیسر نصیر احمد راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیوز دور درشن کیندر سرینگر شبیر احمد ڈار نے طلباء پر زور دیاکہ وہ سماج میں صحت مند زندگی گذارنے سے متعلق بیداری پیدا کرنے کےلئے سفیر کے طو رپر کام کریں ۔

نذہت بشیر

جے اینڈ کے آیوش کی ڈائریکٹرڈاکٹر نذہت بشیر شاہ نے آج وادی میں منعقدہ یوگا تقریبات کے حوالے سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سیکریٹری یوگ

اطلاعات و نشریات وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو اور دیگر اعلیٰ افسروں نے نئی دلی میں نیشنل میڈیا سینٹر میں یوگا سیشن میں شرکت کی۔ ایڈیشنل سیکریٹری پربھات ، پرنسپل ڈائریکٹر دھریندراُوجھا بھی اس موقعے پر موجود تھے-PIB جنرل

اطلاع پروگرام

یوگا کے 11ویں بین الاقوامی دن کے سلسلے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے 9بجے نشر ہوگا ۔ پروگرام میں آرٹ آف لِونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر کشمیر وندنا دفتری اور یوگا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار یوگا کی اہمیت پر بات کر رہے ہیں ۔ ان کے ساتھ ہم کلام ہیں آکاشوانی شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گاندربل کا دورہ کرکے وہاں کروڑ روپے کی لاگت والے متعدد ترقیاتی پروجیکٹونکو قوم کے نام وقف کیا۔ انہوں نے دُدرہامہ میں 4کروڑ15لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے ایک کیمونٹی ہال کا افتتاح کیا۔وزیر اعلیٰ نے گاڈورہ میں نالہ سندھ پر سات کروڑ56لاکھ روپے لاگت والے ایک پل کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ بعد میں ہمارے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہاکہ وہ جموں کشمیر دیگر علاقوں کے ساتھ ساتھ گاندربل کے لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کیلئے پر عزم ہیں۔

سکینہ دربار

سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کولگام پانچن پتھری ،ہمپتھری علاقے میں ایک عوامی دربار کا انعقاد کیا اور لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ مختلف محکموں کے افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے ۔و زیر موصوفہ نے لوگوں کو یقین دلایاکہ ان کے جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر پوار کیا جائے گا۔بعد میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ اسکولونمیں گرمیوں کی تعطیل کے تعلق سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید رانا نے آج سرینگر میں شعیہ آبادی والے علاقوں کا دورہ کرکے محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ MLA جڈی بل تنویر صادق بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ایام متبرکہ کے دوران عز داروں کیلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کوکرناگ میں پارٹی کے ایک روزہ کنوینشن میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہاکہ جموں کشمیر کا ریاستی درجہ جلد ازجلد بحال کیاجانا چاہئے ۔ انہوں نے کہاکہ پارٹی ریاستی درجے کی بحالی کا مطالبہ کرتی رہے گی۔ انہوں نے

مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فریقین سے صبر و تحمل سے کام لینے کی اپیل کی ۔

## گرفتار

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے قاضی آباد کرالہ گنڈ ہندوارہ کے تحصیلدار غلام رسول بٹ کو ایک لاکھ روپے کی رشوت لینے کی پاداش میں گرفتار کیا۔

ACB نے رشوت خوری کے ایک معاملے میں کھٹوعہ پولیس اسٹیشن کے ہیڈ کانسٹیبل روشن اُدھر دین کو گرفتار کیا۔

## سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جمونو کشمیر کے اقتصادی و ثقافتی منظر نامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ وادی میں سیاحتی سیکٹر بحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کےلئے اگر چہ سرکاری و غیر سرکاری سطح پر کاوشیں جا ری ہیں تاہم اس حوالے سے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس پریذیڈنٹ عاشق حسین شنگلو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

## داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ انڈ ر PG گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ پروگرامونکیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

## نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں تھیٹر آرٹسٹ بینش منظورنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## PDP

PDP صدر محبوبہ مفتی نے فیاض احمد میر کو پارٹی کا سٹیٹ سیکریٹری ، جبکہ یاسر ریشی کو آرگنائزنگ سیکریٹری نامزد کیا ہے۔

## شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کی ایک ایگزیکٹو میٹنگ پارٹی صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں منعقد ہوئی ۔انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مستحکم کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

آپریشن سندھو

علاقائی یکجہتی اور یگانگت کا اظہا رکرتے ہوئے بھارت نے آپریشن سندھو کے تحت ایران سے اپنے باشندون کو نکالے جانے کے ساتھ ساتھ سری لنکا اور نیپال کے باشندوں کو بھی لانے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ایکس پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے مطابق نیپال اور سری لنکا کی سرکاروں نے اس سلسلے میں با قاعدہ درخواست کی ہے۔ تہران میں اب بھارت کا سفارتخانہ ، بھارتی باشندوں کے ساتھ ساتھ اب جنوبی ایشیا کے دو پڑوسی ملکوں کے شہریوں کو نکالنے میں بھی ہاتھ بٹائے گا اور اس کام میں تال میل کرے گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

..........................................

..............................

...................

.......